الخیر الشذی شرح اردو جامع الترمذی (جلد نمبر ۱)

تالیف: مولانا مفتی عبدالرشید۔ صفحات: 632۔ طباعت عمدہ۔ قیمت: لکھی نہیں۔

ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت الخیر بیرون بوہڑ گیٹ ملتان۔ فون: 0300-7301239

مولانا مفتی عبدالرشید صاحب زید مجدہم جامعہ خیر المدارس کے فاضل ہیں۔ استاذ حدیث وفقہ ہیں۔ تحریر وانشاء س اور قلم وقرطاس سے راہ ورسم رکھتے ہیں۔ کم عمری میں ہی ان کی شروحات حدیث مقبول خاص وعام ہوچکی ہیں۔ قبل ازیں چھ جلدوں میں مشکوۃ شریف کی شرح اہل علم میں مقبولیت حاصل کرچکی ہے۔ اب انہوں نے ''الخیر الشذی'' کے نام سے ترمذی شریف کی شرح پیش کی ہے۔ ''ترمذی شریف'' دورہ حدیث کے نصاب میں شامل اہم ترین کتاب ہے۔ صاحب جامع ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی اپنے وقت کے عظیم محدث وفقیہ، تقویٰ وللّٰہیت اور حفظ حدیث میں باکمال شخصیت تھے۔ انہوں نے جب اپنی جامع مرتب کر کے معاصر علماء کے سامنے پیش کی تو سب نے بہت تحسین کی اور آپ کو بہت بلند الفاظ میں خطاب کیا۔ معروف قول ہے کہ جامع ترمذی صحت کے اعتبار سے پانچویں نمبر پر ہے مگر فائدے کے اعتبار سے اول نمبر پر ہے۔

جامع ترمذی میں مولف نے فقہ الحدیث اور متن الحدیث دونوں کو بیان کیا ہے۔ امام ترمذی کا انداز بیان یہ ہے کہ وہ پہلے موضوع سے متعلق حدیث لاتے ہیں، پھر فقہاء کی آراء اور عمل بیان کرتے ہیں، اس کے بعد حدیث کا درجہ بیان کرتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف ہے اور سند کا درجہ بھی بتلا دیتے ہیں۔ اس کے ضعف وصحت کی علت بھی بیان کر دیتے ہیں۔

مولانا عبدالرشید صاحب نے ترمذی شریف کی شرح کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اس سلسلے کی یہ پہلی جلد ہے۔ حسب سابق زیر تبصرہ شرح میں بھی انہوں نے حدیث، متعلقات حدیث کی شرح ووضاحت میں جانکاہی سے کام لیا ہے۔ حسن ترتیب اپنی جگہ ہے۔ ترمذی شریف کی یہ شرح گوناگوں خصوصیات کی حامل ہے۔ مثلا حدیث پاک کی مشکل عبارات کی آسان شرح، مشکل ابحاث کے سوال وجواب کی صورت میں دلنشین وضاحت، متعلقہ باب کے تحت مسئلہ کی وضاحت، فقہاء کرام کے مذاہب مع دلائل، احادیث میں تعارض ورفع تعارض کی توجیہات ومطابقت، حدیث پاک کے متعلقہ اضطرابات کا آسان حل، جدید وقدیم فقہی مسائل کا استنباط، امام ابوعیسیٰ ترمذی کے ''قال